## سانحہ 30 ستمبر اور سانحہ یکم اکتوبر 1988ء سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد کو ختم کرنے کی گھناؤنی سازش تھی، الطاف حسین

## شہداء کو زبردست خراج عقیدت، حق پرستی کی تحریک ایک دن ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگی، 22ویں برسی پر بیان

لندن۔۔۔30، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ حیدرآباد 30 ستمبر 1988ء اور سانحہ یکم اکتوبر 1988ء کراچی کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ شہداء کا مقدس لہو ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا اور حق پرستی کی تحریک شہداء کی لازوال قربانیوں کی بدولت ایک دن ضرور کامیابی سے ہمکنار ہوگی ۔ سانحہ 30 ستمبر 1988 حیدرآباد اور سانحہ یکم اکتوبر 1988 کراچی کے شہداء کی 22ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سندھ امن، آشتی، پیار اور محبت کی دھرتی ہے لیکن امن دشمن عناصر نے ایک منظم سازشی اور گھناؤنے منصوبے کے تحت 30 ستمبر اور یکم اکتوبر 1988ء کو حیدرآباد اور کراچی میں بے گناہ لوگوں کا خون بہایا گیا اور سندھ کے مستقل باشندوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کر کے ختم کرنے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ آج سندھ کے مستقل باشندے سمجھ چکے ہیں کہ سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اور سانحہ یکم اکتوبر کراچی دراصل سندھی اور اردو بولنے والے سندھیوں کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش تھی جسے سندھ دھرتی کے مستقل باشندوں نے سمجھداری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ناکام بنادیا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ دھرتی حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کی تعلیمات اور درس کے مطابق امن، محبت اور پیار کی دھرتی رہے گی اور اس دھرتی اور اس کے باشندوں کے درمیان نفرتوں کے بیج بونے والے ماضی کی طرح ہی ناکام ہوں گے۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ حیدرآباد 30 ستمبر اور یکم اکتوبر کراچی 1988ء کے شہداء کو ایک مرتبہ پھر زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور شہداء کے بلند درجات اور مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔

## سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اور یکم اکتوبر کراچی 1988ء کے شہداء کی برسی انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی

## مرکزی اجتماع نائن زیرو خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں ہوا

## شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی

کراچی۔۔۔30، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام سانحہ 30 ستمبر حیدرآباد اور یکم اکتوبر کراچی 1988ء کے شہداء کی برسی انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منائی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیزآباد سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں ہوا جس میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائمخانی ودیگر اراکین رابطہ کمیٹی، صوبائی وزراء، سینیٹرز، اراکان قومی وصوبائی اسمبلی، صوبائی مشیران، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، سیکٹرز و یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعی دعا کی گئی جس میں شہداء کے بلند درجات، لواحقین کیلئے صبر جمیل، اسیر کارکنان کی رہائی، ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کے خاتمے، حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں۔ کراچی کی طرح حیدرآباد میں سانحہ حیدرآباد اور یکم اکتوبر کراچی 1988 کے شہداء کی برسی کا اجتماع منعقد ہوا جس میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

## سانحہ 30 ستمبر اور یکم اکتوبر 1988ء کے شہداء کی برسی کے موقع پر ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی

لندن۔۔۔30 ستمبر 2010ء

سانحہ 30 ستمبر اور یکم اکتوبر 1988ء کے شہداء کی برسی کے موقع پر آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ فاتحہ خوانی میں رابطہ کمیٹی کے ارکان، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے مختلف شعبہ جات میں خدمات انجام دینے والے کارکنان نے شرکت کی۔ اس موقع پر 30 ستمبر اور یکم اکتوبر 1988ء کو قتل عام میں شہید ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور تمام سانحات اور تحریکی جدوجہد میں شہید ہونے والوں کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔

## وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں ایم کیو ایم کے وفد کی ملاقات

## ایم کیو ایم کی جانب سے فلڈ سرچارج کے نام پر ملک کے تنخواہ دار طبقہ پر نئے ٹیکس کے نفاذ کی شدید مخالفت

## عام آدمی پر مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے جاگیرداروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس لگایا جائے، بااثر طبقہ کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ایم کیو ایم

اسلام آباد۔۔۔30 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے فلڈ سرچارج کے نام پر ملک کے تنخواہ دار طبقہ پر نئے ٹیکس کے نفاذ کی شدید مخالفت کی ہے اور حکومت سے کہا ہے کہ عام شہریوں پر ٹیکس کا مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے جاگیرداروں کی زرعی آمدنی پر ٹیکس لگایا جائے۔ یہ بات آج ایم کیو ایم کے چار رکنی وفد نے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کے موقع پر کہی۔ یہ ملاقات وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی دعوت پر پارلیمنٹ ہاؤس میں انکے چیمبر میں ہوئی۔ وفد میں رابطہ کمیٹی کے رکن وسابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، وفاقی وزیر بابر خان غوری اور قومی اسمبلی ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی بھی شامل تھے۔ ملاقات میں ملک کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے سیلاب سے پیدا ہونے والی صورتحال اور ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے حقیقت پسندانہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ایم کیو ایم کے وفد نے فلڈ سرچارج نافذ کرنے کے فیصلے کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اس سے ملازمت پیشہ ٹیکس دہندگان اور عام شہریوں پر براہ راست ٹیکس کا ایک اور اضافی بوجھ پڑے گا جو پہلے ہی غربت، مہنگائی اور بے روزگاری کی چکی میں پس رہے ہیں۔ایم کیو ایم کے وفد نے ملک کی اس نازک معاشی صورتحال میں بھی بااثر جاگیردار طبقہ کو ٹیکس سے مستثنیٰ رکھنے پر اپنے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وقت کا تقاضہ ہے کہ عام آدمی پر ٹیکسوں کا مزید بوجھ ڈالنے کے بجائے جاگیرداروں کو ٹیکس نیٹ میں شامل کیا جائے۔ وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی نے ایم کیو ایم کے وفد کے تحفظات کو سنا اور موجودہ صورتحال میں اتحادی جماعتوں کے درمیان بہتر تعلقات کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ تمام اتحادیوں اور بالخصوص متحدہ قومی موومنٹ کو ساتھ لیکر چلنا چاہتے ہیں۔

## مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنماؤں کا نائن زیرو کا دورہ، ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2010ء

مسلم لیگ ہم خیال گروپ کے رہنما ہمایوں اختر اور سینیٹر غفار قریشی نے جمعرات کی شب نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان وسیم آفتاب اور کنور نوید جمیل سے ملاقات کر کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری اور سینیٹر عبدالحسیب خان بھی موجود تھے۔ وفد نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قتل پر شدید الفاظ میں مذمت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم پوری قوم دکھ کی اس گھڑی میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین، ایم کیو ایم کے تمام کارکنان اور سوگوار والدین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ اسکارٹ لینڈ یارڈ بہت جلد ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کو گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچائے گی۔ انہوں نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت اور ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین اور تمام کارکنان سمیت شہید کے سوگوار والدین اور دیگر عزیز واقارب کیلئے صبر جمیل کی دعائیں بھی کیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کا نائن زیرو پر آنے کا شکریہ ادا کیا۔

## پریس فوٹو گرافر ایسوسی ایشن آف پاکستان اور تاجر ایسوسی ایشن کے وفود کی نائن زیرو پر ڈاکٹر فاروق ستار اور کنور خالد یونس سے ملاقات، ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہارِ افسوس

کراچی۔۔۔30،ستمبر 2010ء

پریس فوٹو گرافر ایسوسی ایشن آف پاکستان کے صدر شعیب احمد اور جنرل سیکریٹری حامد حسین کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی اور شہید انقلاب رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا۔اس موقع پر حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری بھی موجود تھے۔ وفد نے عمران فاروق شہید کی شہادت کو ملک کی سیاست کا ناقابل تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے اس واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جناب الطاف حسین سمیت شہید کے سوگوار والدین اور دیگر عزیز واقارب کو صبر جمیل کی توفیق دے

۔دریں اثناء کراچی تاجرایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد کاشف صابرانی کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے بھی گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس سے ملاقات کی اورشہید انقلاب ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے شہید کی مغفرت اورسوگوارن کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## ایم کیوایم کے تحت منگل کو کامیاب احتجاجی ریلی پر دنیا بھر سے مختلف سماجی وادبی اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور نائن زیرو پر پیغامات

کراچی۔۔۔۔30،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیرِ اہتمام منگل کوڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے ملک بھر میں نکالی جانیوالی کامیاب احتجاجی ریلی پر دنیا بھر سے مبارکباد کے پیغامات فیکس،ای میل اور ٹیلی فون کے ذریعے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور نائن زیروعزیز آباد میں موصول ہوئے۔جن میں مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنما،سماجی وادبی،دانشور،ڈاکٹرز،وکلاء،انجینئرز، مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد،اقلیتی برادری اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے۔پیغامات بھیجنے والوں نے کہا کہ امریکہ میں قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ صدیقی کوطویل سزا کیخلاف جتنا بھی احتجاج اور مذمت کی جائے کم ہے اورمتحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اس مسئلے پر ملک بھر میں بھرپور احتجاج کر کے ثابت کردیا کہ ظلم دنیا کہ کسی بھی حصہ میں ہووہ نہ صرف اس کے خلاف ہیں بلکہ حقیت پسندی اورعملیت پسندی کے فکروفلسفہ پرعمل کرتے ہوئے ہرسطح پرآواز بھی بلند کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے ڈاکٹر عافیہ صدیقی کا مسئلہ محض ایک خاتون کانہیں بلکہ قومی مسئلہ سمجھ کراٹھایا ہے اوراس کی آواز بلندکی ہےان کا یہ اقدام نہ صرف مکمل یکجہتی کا مظاہرہ ہے بلکہ انسانیت کی خدمت کی اعلیٰ مثال بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب ایم کیوایم غم وسوگ میں ہے اورالطاف حسین خودصدمہ سے نڈھال ہیں لیکن اس کے باوجود انہوں نے قوم کی بیٹی ڈاکٹر عافیہ کی سزا کے خلاف اوران کی رہائی کیلئے جس طرح آواز بلندکی اورملک بھر میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے حق میں احتجاجی ریلیاں نکالی گئی ہیں وہ قابل ستائش ہےاوراس عمل کونہ صرف عوام قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں بلکہ ایم کیوایم کے مخالفین میں بھی اب الطاف حسین کیلئے مثبت سوچ پیدا ہورہی ہے۔پیغامات بھیجے والوں نے امریکہ کی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی سزا کوفی الفور کالعدم قراردے انہیں رہا کیا جائے۔انہوں نے جناب الطاف حسین کی درازی عمروصحت وتندروستی اورتنظیم کی کامیابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم ملیرسیکٹر کارکن محمد شجاع الدین اوراورنگی سیکٹر کے کارکن جمیل احمد کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارافسوس

لندن۔۔۔۔30ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ملیرسیکٹر یونٹ100 کے کارکن محمد شجاع الدین اوراورنگی سیکٹر یونٹ119 کے کارکن جمیل احمد کے انتقال پر گہرے دکھ وافسوس اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اورکہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں۔انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کی کہ مرحومین کوجنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبرجمیل عطا کریں۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت

کراچی۔۔۔۔30ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈسیکٹر یونٹ49 کے کارکن فضل محمود شاہ اورانوارمحمود شاہ(شہید)کی والدہ محترمہ حمیدہ خاتون،لیاقت آباد ایلڈرز ونگ سیکٹر یونٹ166 کے کارکن رفیع اللہ خان کی والدہ محترمہ صفیہ بیگم،ابراہیم حیدری سیکٹر کے کارکن الانہ چارن کی والدہ محترمہ رانی،فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ147 کے کارکن اطہر صدیقی کے والدمحی الدین اختر صدیقی اورکورنگی سیکٹر یونٹ77 کے کارکن محمد خورشید کے والدمحمد شفیق کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کی کہ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائیں اورلواحقین کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆